Go to www.topstudyworld.com/books to download all PDF books for all classes

باب 8

# ونڈوز کا تعارف
# (Introduction to Windows)

مائیکروسافٹ ونڈوز پرسنل کمپیوٹر کے لیے استعمال ہونے والا ایک آپریٹنگ سسٹم ہے۔ آج کل، ونڈوز پرسنل کمپیوٹر کی دنیا پر حاوی ہے اور تقریباً 90% پرسنل کمپیوٹروں پر استعمال ہوتا ہے۔ باقی 10% پرسنل کمپیوٹرز پر زیادہ تر میکنٹاش (Macintosh) اور لائنکس (Linux) آپریٹنگ سسٹمز استعمال ہوتے ہیں۔ ونڈوز بہت سارے کام کرتا ہے جیسا کہ یہ گرافیکل یوزر انٹرفیس (GUI) مہیا کرتی ہے۔ مصنوعی میموری کی مینجمنٹ، ایک ہی ساتھ بہت سارے آپریشنز اور بہت سی پیری فرل ڈیوائسز جیسا کہ کی۔بورڈ یا ماؤس کو کنٹرول کرتی ہے۔ اس باب میں آپ کو بہت ساری بنیادی باتیں بتائی جائیں گی تاکہ آپ ونڈوز کو جان سکیں اور اُسے استعمال کر سکیں۔ آپ کو ونڈوز کے فیچرز کے بارے میں بہت ساری باتیں پتہ چلیں گی اور آپ ہیلپ (Help) کو استعمال کرنے کے بارے میں بھی جانیں گے تاکہ اپنے سوالوں کا جواب حاصل کر سکیں اور ونڈوز کے بارے میں مزید جان سکیں۔

## 8.1 مائیکروسافٹ ونڈوز کے متعلقہ نمایاں کی ورڈز
## (Main Keywords Associated with Microsoft Windows)

☆ ڈسک ڈرائیوز (Disk Drives)

ڈرائیوز ایسے آلات ہیں جن پر ڈیٹا سٹور کیا جاتا ہے۔ زیادہ تر کمپیوٹرز کی کم از کم دو طرح کی ڈرائیوز ہوتی ہیں: ایک ہارڈ ڈرائیو (جو کہ سٹوریج کا مین ذریعہ ہے) اور ایک فلاپی ڈرائیو جس میں کم حجم (1.44 MB) کا ڈیٹا سٹور ہوتا ہے اور اس کا سائز "3.5 ہوتا ہے۔ ہارڈ ڈرائیو کو عام طور سے \:C ڈرائیو سے جبکہ فلاپی ڈرائیو کو \:A ڈرائیو سے جانا جاتا ہے۔ ایک ہارڈ ڈرائیو کی ایک سے زیادہ پارٹیشنز ہو سکتی ہیں۔ اس طرح کی صورت میں پہلی پارٹیشن کو \:C سے لیبل کہا جاتا ہے اور باقی کی پارٹیشنز کو ان کی تعداد کے مطابق \:D:\, E وغیرہ سے لیبل کیا جاتا ہے۔ آپ اپنے کمپیوٹر پر نیٹ ورک ڈرائیو بھی رکھ سکتے ہیں، لیکن اس کے لیے آپ کو استعمال کرنے کے حقوق اور اختیار حاصل ہونا چاہیے۔ ان ڈرائیوز کو عام طور پر ہارڈ ڈرائیو کے بعد لیبل کیا جاتا ہے جیسا کہ \:H یا \:G

☆ فولڈرز / ڈائریکٹریز (Folders / Directories)

جب ڈیٹا ڈرائیوز پر سٹور ہوتا ہے، اس کو ترتیب دینے کے لیے فولڈرز استعمال کیے جاتے ہیں۔ آپ کمپیوٹر ڈرائیوز کو ایک فائلنگ کیبنٹ جیسا تصور کر سکتے ہیں۔ آپ ڈرائیوز میں فائلز کی صورت میں محفوظ ڈیٹا کو فولڈرز میں ترتیب دے سکتے ہیں۔ ایسی فائلز جو ایک پروگرام پر مشتمل ہوں ایک ہی فولڈر میں محفوظ ہوتی ہیں۔ آپ اپنی بنائی ہوئی فائلز کو فولڈرز میں بہتر طریقے سے ترتیب دے سکتے ہیں تاکہ انہیں احسن طریقے سے استعمال کیا جا سکے۔ فولڈرز کو کاپی کیا جا سکتا ہے اور انہیں ہارڈ ڈرائیو پر ایک جگہ سے دوسری جگہ پر منتقل کیا جا سکتا ہے۔

☆ فائل ایکسٹینشنز (File Extensions)

فائل ایکسٹینشنز ایسے اختتامی الفاظ ہیں جو کہ ڈاٹ (DOT) کے بعد لکھے جاتے ہیں۔ مثال کے طور پر فائل کے نام میں فائل کی ایکسٹینشن اس کا تعلق ایک ایپلیکیشن سے جوڑ دیتی ہے، جیسا کہ PhoneNumbers.txt۔ اس فائل کے نام میں PhoneNumbers فائل کا نام ہے جبکہ txt فائل کی ایکسٹینشن ہے۔ فائل کی یہ ایکسٹینشن اسے ایک ایپلیکیشن سے جوڑتی ہے جس کی مدد سے اسے دیکھا اور تبدیل کیا جا سکتا ہے۔ اس طرح ونڈوز کو معلوم ہو جاتا ہے کہ کسی خاص کام کے لیے کونسا پروگرام چلانا ہے۔ مثال کے طور پر ایک ٹیکسٹ فائل کی ایکسٹینشن txt. ہوتی ہے۔ لہٰذا ایک ٹیکسٹ فائل جو کہ نوٹ پیڈ میں بنائی گئی ہو اور اس کا نام "PhoneNumbers" ہو، وہ PhoneNumbers.txt کی طرح نظر آئے گی۔ ہر فائل میں اس کی

Go to www.topstudyworld.com/books to download all PDF books for all classes

ایکسٹینشن دینا ضروری نہیں کیونکہ آپ جو بھی پروگرام استعمال کریں گے وہ یہ کام خود بخود آپ کے لیے کردے گا۔آپ کو صرف اس کا نام دینا پڑے گا۔
عام طور سے جو ایکسٹینشنز استعمال ہوتی ہیں اُن میں سے چند ایک مندرجہ ذیل ہیں:

- ☆ .doc = مائیکروسافٹ ورڈ ڈاکیومنٹ
- ☆ .xls = مائیکروسافٹ ایکسل ڈاکیومنٹ
- ☆ .ppt = مائیکروسافٹ پاور پوائنٹ
- ☆ .mdb = مائیکروسافٹ ایکسیس ڈیٹابیس
- ☆ .bmp = ونڈوز بٹ میپ پکچر
- ☆ .wav = ساؤنڈ فائل
- ☆ .html or .htm = ہائپر ٹیکسٹ ڈاکیومنٹ

### آئیکن (Icon)

آئیکن ایک گرافک امیج ہے۔آئیکنز کی مدد سے ہم کمانڈ کو آسانی اور جلدی سے استعمال کر سکتے ہیں۔کمانڈز کمپیوٹر کو بتاتی ہیں کہ اُسے کیا کام کرنا ہے۔ان میں جو پروگرامز آپ کے کمپیوٹر پر انسٹال ہوں، اُن کے شارٹ کٹس بھی شامل ہیں۔اگر آپ ایک کمانڈ کو ایک آئیکن کی مدد سے ایگزیکیوٹ (execute) کرنا چاہتے ہیں تو اس آئیکن پر ڈبل کلک کریں۔

چند آئیکنز اور اُن کے استعمال مندرجہ ذیل ہیں:

| | | |
|---|---|---|
| My Computer |  | My Computer آئیکن ،کمپیوٹر کے مختلف حصوں تک رسائی مہیا کرتا ہے۔آپ اس کی مدد سے اس میں پائی جانے والی مختلف ڈسک ڈرائیوز (ہارڈ ڈرائیو،فلاپی ڈرائیو،اور نیٹ ورک ڈرائیو) تک رسائی حاصل کرتے ہیں۔ |
| Recycle Bin |  | جب آپ کسی فائل یا فولڈر کو ڈیلیٹ کرتے ہیں تو ونڈوز اس کو Recycle Bin میں بھیج دیتا ہے۔آپ ری سائیکل بن میں موجود اپنی فائلز یا فولڈرز کو واپس اصلی حالت میں لا سکتے ہیں یا آپ اُنہیں مستقل طور پر بھی ڈیلیٹ کر سکتے ہیں۔ایسا کرنے کے لیے ری سائیکل بن پر ماؤس کی مدد سے رائٹ کلک کریں اور Empty Recycle Bin منتخب کریں۔ |
| My Documents |  | My Documents کا فولڈر ایک باقاعدہ فولڈر ہے جو کہ ونڈوز کے ڈیسک ٹاپ پر پایا جاتا ہے۔تاہم یہ ایک آسانی سے پہنچ جانے والی ایسی جگہ مہیا کرتا ہے جہاں پر آپ اپنا خاص ڈیٹا سٹور کر سکتے ہیں اور اُس تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔یہ آئیکن ونڈوز ایکسپلورر اور ڈیسک ٹاپ دونوں جگہ پر موجود ہوتا ہے۔ |
| Internet Explorer |  | Internet Explorer آئیکن سے انٹرنیٹ ایکسپلورر براؤزر پروگرام چلاتے ہیں جس کی مدد سے ہم انٹرنیٹ تک رسائی حاصل کرتے ہیں۔ |

## 8.2 ونڈوز کے خدوخال (Features of windows)

### ☆ گرافکل یوزر انٹرفیس (Graphical User Interface)

ونڈوز کام کرنے کے لیے ایک ایسا انٹرفیس مہیا کرتا ہے جو یوزرز فرینڈلی ہوتا ہے۔اس کے بہتر گرافیکل یوزر انٹرفیس کی مدد سے سیکھنے کا عمل بہت آسان ہو جاتا ہے اور ونڈوز ہر قسم کے یوزر کے لیے ایک فطری اور آسان ہو جاتا ہے۔یہ زیادہ مستحکم ہے، اسے اپنے انداز سے ڈھالا جا سکتا ہے اور اس کی کارکردگی بہت اچھی ہے۔

Go to www.topstudyworld.com/books to download all PDF books for all classes

### ☆ سٹارٹ بٹن (Start Button)

سٹارٹ بٹن کے اضافہ سے ونڈوز میں کام کرنا مزید آسان ہوگیا ہے اور اس کی ضرورت بھی تھی تا کہ ایک وقت میں ایک سے زیادہ پروگراموں کو استعمال کیا جا سکے۔ سٹارٹ بٹن ایک راستہ ہے جس کے ذریعہ سے کمپیوٹر میں پہلے سے موجود بہت سارے پروگراموں کو لوڈ کیا جا سکتا ہے۔ آپ کو صرف سٹارٹ بٹن پر کسی بھی وقت کلک کرنا ہے تا کہ آپ کوئی بھی پروگرام لوڈ کر سکیں۔ کسی ڈاکیومنٹ کو اوپن یا تلاش کر سکیں شو ونڈوز کی سیٹنگز (Settings) کو تبدیل کر سکیں، ہیلپ حاصل کر سکیں، فائلوں کو ترتیب دے سکیں، سسٹم کو برقرار رکھ سکیں اور اسی طرح کے بہت سے کام کر سکیں۔

### ☆ ٹاسک بار (Task Bar)

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے، ٹاسک بار انفرمیشن اور زیر استعمال پروگرام تک رسائی مہیا کرتا ہے۔ اس کو استعمال کر کے آپ جان سکتے ہیں کہ کون کون سے پروگرام اس وقت استعمال ہو رہے ہیں اور ان کے درمیان ایک پروگرام سے دوسرے میں کیسے جا سکتے ہیں۔

### ☆ ونڈوز ایکسپلورر (Windows Explorer)

ونڈوز ایکسپلورر ایک ڈائریکٹری براؤزر (Browser) کے طور پر کام کرتا ہے اور ایک فائل مینجر کا کام کرتا ہے۔ اس کے علاوہ اس کی بہت ساری اضافی خصوصیات ہیں۔ یہ مستعد، تیز تر اور اچھا مددگار ہے جس کے ذریعہ فائلز کو ڈھونڈا جا سکتا ہے اور انہیں کمپیوٹر پر منظم کیا جا سکتا ہے۔ ایکسپلورر کے ذریعہ سے آپ آسانی سے تمام ڈرائیوز کو دیکھ سکتے ہیں کہ اُن میں کون کون سی فائلز موجود ہیں اور کون کون سے نیٹ ورک آپ کو اس وقت مہیا ہیں۔

### ☆ ماؤس (Mouse)

اگر چہ آپ کی۔بورڈ کی مدد سے کافی سارے کام کر سکتے ہیں، لیکن ان میں سے بہت سارے کام ماؤس کے ذریعہ کرنے زیادہ آسان ہو جاتے ہیں۔ ماؤس سکرین پر ایک پوائنٹر کو کنٹرول کرتا ہے۔ ماؤس کو ایک سادہ سطح پر حرکت دینے سے آپ اس پوائنٹر کو حرکت دے سکتے ہیں۔ پوائنٹر کی سمت ماؤس کی سمت کے مطابق ہوتی ہے۔ اگر آپ کے پاس ماؤس کو حرکت دینے کی جگہ کم ہو تو آپ اسے اُٹھا کر کسی اور جگہ پر رکھ سکتے ہیں۔ ماؤس کے مندرجہ ذیل پانچ بنیادی کام ہیں:

**ایک آئٹم کی طرف پوائنٹ کرنا (Point to an item):** ماؤس کو حرکت دیں تا کہ اس کا پوائنٹر ایک آئٹم پر آ جائے۔ اس عمل کو پوائنٹ کرنا کہتے ہیں۔

**آئٹم کو کلک کرنا (Click an item):** اپنی سکرین پر آئٹم کی طرف پوائنٹ کریں اور جلدی سے ماؤس کا بایاں بٹن دبائیں اور چھوڑ دیں۔

**ایک آئٹم پر دایاں کلک (Right click an item):** سکرین پر آئٹم کی طرف پوائنٹ کریں اور پھر ماؤس کا دایاں بٹن جلدی سے دبا کر چھوڑ دیں۔ ماؤس کے دائیں بٹن کو کلک کرنے سے ایک شارٹ کٹ مینیو ظاہر ہوگا جس کے ذریعہ آپ ایک لسٹ میں سے کمانڈز منتخب کر لیتے ہیں تا کہ اُنہیں استعمال کیا جا سکے۔

**ایک آئٹم کو دوبار کلک (Double-click an item):** سکرین پر آئٹم کی طرف پوائنٹ کریں اور ماؤس کا بایاں بٹن دو دفعہ جلدی سے دبا کر چھوڑ دیں۔

**ایک آئٹم کو ڈریگ کرنا (Drag an item):** سکرین پر آئٹم کی طرف پوائنٹ کریں اور ماؤس کا بایاں بٹن دبائے رکھتے ہوئے ماؤس کو حرکت دیں۔

### شارٹ کٹس (Shortcuts)

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے، شارٹ کٹس اصل پروگرام کے ساتھ رابطہ قائم کرتے ہیں۔ یہ فائلز ایکسیس کرنے کا مختصر ترین ذریعہ ہیں۔ ونڈوز کے دوسرے ریسورسز کو بھی شارٹ کٹس کے ذریعہ ایکسیس کیا جا سکتا ہے۔ کسی پروگرام کا مکمل راستہ اختیار کرنے کی بجائے، آپ آسانی سے شارٹ کٹس بنا سکتے ہیں اور ان کی مدد سے تیزی سے پروگراموں تک رسائی (access) حاصل کی جا سکتی ہے۔

Go to www.topstudyworld.com/books to download all PDF books for all classes

**ملٹی ٹاسکنگ (Multitasking)**

ملٹی ٹاسکنگ کی مدد سے ایک سے زیادہ پروگراموں کو بیک وقت ایکسیس کیا جا سکتا ہے۔ مثال کے طور پر ورڈ پروگرام استعمال کر کے، ایک ڈاکیومنٹ پر کام کیا جا سکتا ہے، جبکہ ایک دوسرے کمپیوٹر پر جو کہ نیٹ ورک میں ہو، سے فائل کاپی کی جا سکتی ہے۔ ونڈوز کے ماحول میں کام کرتے ہوئے ایک وقت میں ایک سے زیادہ کام کیے جا سکتے ہیں۔

**آسان انٹرنیٹ ایکسیس (Easy Internet Access)**

ونڈوز کا سب سے سودمند اور نئی ہیئت کا فیچر آسان انٹرنیٹ ایکسیس ہے۔ اس کے اندر انٹرنیٹ کو استعمال کرنے کی صلاحیت پہلے سے ہی موجود ہے اور کوئی نئے ہارڈ ویئر یا سافٹ ویئر کی ضرورت نہیں ہوتی۔ یہ آپ کو مائیکروسافٹ نیٹ ورک (MSN) کے سافٹ ویئر سے رابطہ مہیا کرتا ہے تاکہ آپ اپنے رشتہ داروں اور دوستوں سے دنیا بھر میں رابطہ میں رہ سکیں۔ اس کی مدد سے انٹرنیٹ پر کام کرنے میں بہتری آتی ہے تاکہ جو نئی ایپلیکیشنز انٹرنیٹ پر موجود ہیں، جیسا کہ انٹرنیٹ ایکسپلورر، جاوا اور سٹریمنگ آڈیو اور ویڈیو سپورٹ کو آسانی سے استعمال کیا جا سکے۔

**شاندار گیمنگ پلیٹ فارم (Great Gaming Platform)**

ونڈوز میں بہت زیادہ گرافکس کی مدد موجود ہے، اس میں عمدہ قسم کی آڈیو اور ویڈیو بھی موجود ہے۔ اس کے اندر تمام قسم کی سپورٹ موجود ہے جو کہ ان چیزوں کے لیے ضروری ہوتی ہے۔ ونڈوز میں جدید قسم کی ٹیکنالوجیز جیسا کہ پلگ اینڈ پلے، آٹو پلے اور MIDI کے لیے بلٹ ان سپورٹ اور ڈیجیٹل آڈیو اور ویڈیو کے باعث ایسا ممکن ہوا۔

**ہارڈ ویئر کمپیٹیبلٹی (Hardware Compatibility)**

کسی اور آپریٹنگ سسٹم کے مقابلہ میں ونڈوز کے اندر بہتر ہارڈ ویئر کمپیٹیبلٹی موجود ہے۔ اس میں مختلف قسم کے ہارڈ ویئرز کو مدد دینے کی صلاحیت موجود ہے۔ اس کی پلگ اینڈ پلے صلاحیت کی وجہ سے صرف ہارڈ ویئر کارڈ کمپیوٹر میں انسرٹ کرنے کے بعد، ونڈوز کو آن کرتے ہی وہ اس نئے ہارڈ ویئر کو پہچان لیتا ہے اور اسے استعمال کرنے کے لیے سیٹ کر دیتا ہے۔

**سرچ یوٹیلٹی (Search Utility)**

ونڈوز کی سرچ یوٹیلٹی کی مدد سے آپ مختلف طریوں سے سرچ کر سکتے ہیں۔ جیسا کہ مختصر نام، آخری تبدیل شدہ تاریخ یا مکمل ٹیکسٹ۔ اس کے علاوہ آپ سرچ کیے ہوئے رزلٹ میں سے فائلز کو محفوظ، ری نیم یا ویو کر سکتے ہیں، بالکل ایسے ہی جیسا کہ ونڈوز ایکسپلورر میں کرتے ہیں۔


**ہیلپ (Help)**

ونڈوز کسی کام کو کرنے کے لیے آن لائن ہیلپ مہیا کرتا ہے۔ اگر یوزر کو پتہ نہ ہو کہ ایک کام کو کیسے کیا جا سکتا ہے تو ونڈوز مکمل طور سے رہنمائی مہیا کرتا ہے تاکہ اُس کام کو کیا جا سکے۔ کسی اوبجیکٹ پر صرف آپ کو رائٹ کلک کرنا ہوگا جس سے آپ کو اُس اوبجیکٹ کے بارے میں متعلقہ ہیلپ مل جائے گی۔ ہیلپ کو سٹارٹ مینیو سے بھی حاصل کیا جا سکتا ہے۔

## 8.3 ونڈوز ڈیسک ٹاپ (Windows Desktop)

جب آپ کمپیوٹر کو لاگ آن کرتے ہیں تو سب سے پہلی چیز جو آپ کو نظر آتی ہے اُسے ڈیسک ٹاپ کہتے ہیں۔ اگر آپ کو لاگ اِن کرنا ہو تو آپ کو یوزر نیم اور پاس ورڈ دینا پڑے گا۔ ایک عام طور پر نظر آنے والی ڈیسک ٹاپ شکل 8.1 میں دکھائی گئی ہے۔ جس میں مختلف آئیکنز جو کہ مختلف پروگراموں کو ظاہر کرتے ہیں، دکھائے گئے ہیں۔ ڈیسک ٹاپ ایک ایسی جگہ ہے جہاں پر آپ کام کرتے ہیں۔

Go to www.topstudyworld.com/books to download all PDF books for all classes





شکل 8.1 ونڈو ڈیسک ٹاپ

### 8.3.1 سٹارٹ بٹن اور ٹاسک بار (Start Button and Taskbar)

ونڈوز میں سٹارٹ بٹن اور ٹاسک بار عام طور پر سکرین کی نچلی سطح پر ہوتے ہیں۔ سٹارٹ بٹن کو استعمال کرتے ہوئے ایک پروگرام آسانی سے چلایا جاسکتا ہے یا کوئی فائل ڈھونڈی جاسکتی ہے۔ ونڈوز کو استعمال کرنے کے بارے میں کوئیک ہیلپ بھی اسی ٹاسک بار سے حاصل کی جاسکتی ہے۔

سٹارٹ بٹن پر کلک کرنے سے پوپ۔اپ (Pop-up) مینیو کو متحرک کیا جاسکتا ہے۔ کسی ایپلیکیشن کو چلانے کے لیے آل پروگرامز (All Programs) پر کلک کریں۔ اگر ایک فائل یا فولڈر کو تلاش کرنا ہو تو سرچ بٹن استعمال کیا جاتا ہے۔ شکل 8.2 میں ایک پروگرام کو چلانے کے لیے Run بٹن استعمال کیا جاتا ہے یا پھر آپ کمپیوٹر کو شٹ ڈاؤن کرنے کے لیے شٹ ڈاؤن بٹن استعمال کرسکتے ہیں جو کہ مینیو کے آخر میں واقع ہے۔




شکل 8.2 (سٹارٹ مینیو)

Go to www.topstudyworld.com/books to download all PDF books for all classes


اگر آپ نے ایک سے زیادہ پروگرامز یا ونڈوز کھول رکھے ہوں تو ان کے درمیان سوئچ کر سکتے ہیں۔ جتنے بھی پروگرامز یا ونڈوز کھلے ہوں وہ ایک منی مائزڈ آئیکن کی صورت میں ٹاسک بار پر دیکھے جاسکتے ہیں، جیسا کہ شکل 8.2 میں دکھایا گیا ہے۔ آپ اپنے ضرورت کے آئیکن پر کلک کر سکتے ہیں تاکہ اُسے اوپن کیا جاسکے۔ اسی طرح اگر آپ کو ایک ونڈو کی کثرت سے ضرورت نہیں ہوتی تو اس کے منی مائزڈ بٹن پر کلک کر کے اسے ٹاسک بار میں لا سکتے ہیں۔ اس طرح یہ ونڈو ایک چھوٹے آئیکن کی صورت میں نظر آئے گا۔

### 8.3.2 ایک پروگرام کو سٹارٹ کرنے کے اقدام (Steps to Start a Program)

(i) سٹارٹ بٹن پر کلک کریں اور آل پروگرامز والے آپشن پر کلک کریں۔

(ii) اُس پروگرام کو منتخب کریں جس کو چلانا ہو۔ اگر یہ پروگرام مینیو میں نہیں ہے تو اس فولڈر کی طرف پوائنٹ کریں جس میں یہ پروگرام ہو۔

(iii) پروگرام آئیکن پر کلک کریں۔




شکل 8.3: (ایک پروگرام کو شروع کرنا)

ایک بار جب منتخب کیا ہوا پروگرام شروع ہو جاتا ہے تو اس کا چھوٹا آئیکن ٹاسک بار میں آجاتا ہے۔ اگر آپ نے ایک سے زیادہ پروگرامز کھول رکھے ہوں تو اپنی مرضی کے پروگرام کے آئیکن پر کلک کر کے اُسے متحرک کر سکتے ہیں۔


Go to www.topstudyworld.com/books to download all PDF books for all classes

اگر آپ کی ضرورت کا پروگرام مینیو اور سب مینیو میں بھی نہیں ہے تو پھر آپ فائنڈ کے ڈائیلاگ بٹن کی مدد سے اسے پروگرام فائل میں ڈھونڈ سکتے ہیں۔

### 8.3.3 ایک حالیہ استعمال شدہ ڈاکیومنٹ کو اوپن کرنے کے اقدام (Steps to Open a Recently Used Document)

(i) سٹارٹ بٹن پر کلک کریں۔
(ii) ڈاکیومنٹس آپشن کو منتخب / پوائنٹ کریں۔
(iii) جس ڈاکیومنٹ کو منتخب کرنا ہو، اسے کلک کریں۔

ڈاکیومنٹ ایک نئی ونڈو میں اوپن ہو جائے گا۔





شکل 8.4: (حالیہ استعمال شدہ ڈاکیومنٹ کو اوپن کرنا)

### 8.3.4 فائلز کو سرچ / فائنڈ کرنے کے اقدام (Steps to Search/Find Files)

-1 سٹارٹ بٹن پر کلک کریں۔
-2 مینیو میں سے فائنڈ منتخب کریں۔

مندرجہ ذیل سکرین ایک ونڈو میں ظاہر ہو جائے گی۔




شکل 8.5: (سرچ ونڈو)

ونڈوز مندرجہ ذیل آپشنز کو استعمال کر کے کسی فائل کو سرچ کرتا ہے:

Go to www.topstudyworld.com/books to download all PDF books for all classes

(i) فائلز یا فولڈرز۔ (ii) انٹرنیٹ پر۔ (iii) لوگ۔

مائیکروسافٹ آؤٹ لک outlook کے ذریعہ۔

ٹیکسٹ باکس کے اندر مناسب ورڈز لکھے جاسکتے ہیں اور جب آپ سرچ بٹن کلک کرتے ہیں تو ونڈوز ان کو سرچ کرنا شروع کر دیتا ہے۔
آپ اپنے کمپیوٹر پر ڈرائیوز میں رکھی ہوئی فائلز کو اپنی ضرورت کے مطابق ترتیب دے سکتے ہیں۔




شکل 8.6: (سرچ ونڈو میں لک ان آپشن)


آپ ونڈوز کو حکم دے سکتے ہیں کہ وہ کسی خاص ڈرائیو میں (جیسا کہ D:\ یا C:\ یا تمام ڈرائیوز میں جو لوکل ہارڈ ڈرائیو کے آپشن میں موجود ہوں) فائل یا فولڈر کو ڈھونڈے۔ اسے لک ان مینیو میں سے منتخب کیا جاسکتا ہے۔ سرچ پینل پر موجود دوسرے لنکس کو ایڈوانسڈ سرچ کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے۔

### 8.3.5 ونڈوز کو شٹ ڈاؤن اور ری سٹارٹ کرنے کے اقدام
**(Steps for Shutting Down and Restarting Windows)**

(i) سٹارٹ بٹن پر جو کہ سکرین کے نچلے بائیں حصہ میں واقع ہے، کلک کریں۔


(ii) شٹ ڈاؤن بٹن پر کلک کریں (نچلے دائیں حصہ میں واقع ہے)۔

(iii) سکرین پر مندرجہ ذیل باکس نظر آئے گا۔




شکل 8.7: (شٹنگ ڈاؤن/ری سٹارٹنگ ونڈوز)

Go to www.topstudyworld.com/books to download all PDF books for all classes




شکل 8.8: (شٹ ڈاؤن/ ری سٹارٹ مینیو)


(iv) ڈراپ ڈاؤن مینیو میں سے ایک آپشن منتخب کریں۔

(v) Ok پر کلک کریں۔

(vi) سسٹم فائلز کو محفوظ کرتے ہوئے مناسب اقدام اُٹھائے گا اور جس کام کا اُسے کہا گیا ہو وہ کرے گا۔

## 8.4 ونڈوز ایکسپلورر پروگرام کو استعمال کرنا (Using the Windows Explorer Program)

ونڈوز ایکسپلورر ایک ایسا پروگرام ہے جس کی مدد سے آپ اپنے سارے فولڈرز اور تمام فائلز کو جو کہ فولڈرز میں ہیں دیکھ سکتے ہیں۔ یہ دو حصوں میں تقسیم ہوتا ہے۔ بائیں طرف کے حصہ میں ڈرائیوز اور فولڈرز ہوتے ہیں۔ دائیں طرف والے حصہ میں فائلز اور سب فولڈرز نظر آتے ہیں جو کہ ان فولڈرز یا ڈرائیوز میں ہوتے ہیں جو کہ آپ نے بائیں حصہ میں منتخب کیے ہوتے ہیں۔



شکل 8.9: (ونڈو ایکسپلورر ونڈو)

### 8.4.1 ونڈوز ایکسپلورر کو سٹارٹ کرنے کے اقدام (Steps to Start Windows Explorer)

(i) سٹارٹ بٹن، جو کہ سکرین کے بائیں جانب واقع ہے، اُسے کلک کریں۔

(ii) پروگرامز پر کلک کریں۔

(iii) ونڈوز ایکسپلورر کو منتخب کریں۔

### 8.4.2 فولڈر بنانا (Creating a Folder)

آپ اپنی فائلز کو محفوظ کرنے کے لیے ایک نیا فولڈر بنا کر اس میں فائلز رکھ سکتے ہیں۔ آپ فولڈر کو کسی ڈرائیو کے اندر بنا سکتے ہیں یا اسے علیحدہ سے ہارڈ ڈرائیو پر رکھ سکتے ہیں۔ ایک فولڈر کے بنانے کے لیے مندرجہ ذیل اقدام کرنے چاہئیں:

(i) جس ڈرائیو میں فولڈر بنانا ہو، اُسے منتخب کریں۔

(ii) دائیں والے حصہ میں سفید جگہ پر رائٹ کلک کریں۔

(iii) نیو منتخب کریں۔

(iv) فولڈر منتخب کریں۔

(v) اُس فولڈر کا نام لکھیں اور Enter دبائیں۔

لیجیے آپ کا نیا فولڈر آپ کے استعمال کے لیے تیار ہے۔


Go to www.topstudyworld.com/books to download all PDF books for all classes

### 8.4.3 ایک فائل یا فولڈر ڈیلیٹ کرنا (Deleting a File or a Folder)

(i) جس فائل/فولڈر کو ڈیلیٹ کرنا ہو اُسے منتخب کریں۔

(ii) کی۔بورڈ پر ڈیلیٹ کی کو دبائیں۔

(iii) ڈیلیشن کو کنفرم کریں۔




شکل 8.10 (فائلز کی ڈیلیشن کو کنفرم کرنا)

(iv) اس فولڈر میں جو فائلز ہوں گی وہ ری سائیکل بن میں چلی جائیں گے۔





شکل 8.11 (ری سائیکل بن کو خالی کرنا)

(v) ان کو آپ مستقل طور پر ختم کرنے کے لیے ری سائیکل بن پر رائٹ کلک کریں اور Empty Recycle Bin کو منتخب کریں۔

### 8.4.4 ایک فائل/فولڈر کو فلاپی ڈسک سے دوسری ڈرائیو پر کاپی کرنا

**(Copying a File/Folder from a Floppy Disk to Other Drive)**

(i) بائیں پین میں 3.5 انچ فلاپی ڈرائیو (A:) کو منتخب کریں۔





شکل 8.12 (رائٹ کلک مینیو میں کاپی فائل کی آپشن)

Go to www.topstudyworld.com/books to download all PDF books for all classes

(ii) فلاپی ڈرائیو سے جس فائل یا فولڈر کو کاپی کرنا ہو اُسے منتخب کریں۔

(iii) فائل / فولڈر پر رائٹ کلک کریں اور کاپی پر کلک کریں۔

(iv) اُس جگہ پر جائیں جس جگہ پر فائل / فولڈر کو کاپی کرنا ہو۔




شکل 8.13 (رائٹ کلک مینیو میں پیسٹ کی آپشن)


(v) ونڈو کے سفید حصہ پر رائٹ کلک کریں۔

(vi) رائٹ کلک کے مینیو میں سے پیسٹ کا آپشن منتخب کریں۔ ونڈوز فائل کاپی کرنے کی پروگریس کا باکس دکھائے گا اور یہ باکس کاپی کرنے کا عمل مکمل ہونے پر خود بخود بند ہو جائے گا۔

### 8.4.5 ایک فائل یا فولڈر کا نام تبدیل کرنا (Renaming a File or a Folderr)

(i) جس فائل یا فولڈر کا نام تبدیل کرنا ہو، اُسے منتخب کریں۔

(ii) منتخب فائل یا فولڈر پر رائٹ کلک کریں۔




شکل 8.14 (رائٹ کلک مینیو میں نام تبدیل کرنے کی آپشن)


(iii) ری نیم (Rename) کو منتخب کریں۔

(iv) نیا نام لکھیں اور Enter کا بٹن دبائیں۔

## 8.5 ونڈوز کے کنٹرولز کو استعمال کرنا (Using Windows Controls)

تمام پروگرامز جنہیں کمپیوٹر پر استعمال کے لیے بنایا گیا ہے اور جن پر ونڈوز انسٹال ہوتا ہے، اُن میں عام قسم کے کنٹرولز ہوتے ہیں جنہیں ایک ونڈو کو سکرول، سائز، موو اور کلوز کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ مندرجہ ذیل شکل میں آپ ایک عام سا My Computer اور کچھ عام قسم کے کنٹرولز دیکھ سکتے جو اس میں موجود ہیں۔

Go to www.topstudyworld.com/books to download all PDF books for all classes




شکل 8.15 (My Computer کا ونڈو، کنٹرولز کے ساتھ)

مندرجہ ذیل ٹیبل چند مطلوبہ کام اوران کے کرنے کا طریقہ بتاتا ہے۔

| وہ کام جس کی ضرورت ہو۔ | یہ کام کیسے کیا جائے؟ |
|---|---|
| سکرین پر نظر نہ آنے والی ونڈوز کے حصوں کی جانب عمودی یا افقی حرکت یا سکرول کرنا | ایک سکرول بار یا سکرول نشان کو کلک کریں یا سکرول باکس کو ڈریگ کریں۔ اوپر والی شکل اس کنٹرول کی نشاندہی کرتی ہے۔ |
| پوری سکرین پر ایک ونڈو کو بڑا کرنا | میکسی مائزیشن بٹن کو کلک کریں یا ونڈو کے ٹائٹل بار کو ڈبل کلک کریں۔ |
| ٹاسک بار پر ایک بٹن کی صورت میں ونڈو کو واپس لانا | منی مائزیشن بٹن کو کلک کریں۔ منی مائز ڈ ونڈو کو دیکھنے کے لیے، ٹاسک بار پر اس کے بٹن کو کلک کریں۔ |
| ایک ونڈ، کو موو (حرکت) کرنا | ونڈو ٹائٹل بار کو ڈریگ کریں۔ |
| ایک ونڈو کو کلوز کرنا | کلوز بٹن کو کلک کریں۔ |


## 8.6 ونڈوز کے مینیوز کو استعمال کرنا (Using Windows Menus)

ایک پروگرام کا مینیو ایک آپشنز کی لسٹ دیتا ہے جس میں سے آپ مختلف آپشنز منتخب کر سکتے ہیں۔ پروگرام مینیوز پر ان آپشنز کو کمانڈز کے نام سے جانا جاتا ہے۔

ایک مینیو کو منتخب کرنے کے لیے یا ایک مینیو کمانڈ کو منتخب کرنے کے لیے اُس آئٹم کو کلک کریں جسے آپ نے منتخب کیا ہے۔

### 8.6.1 ایک مینیو کو کیسے کھولتے اور کیسے منتخب کرتے ہیں (How to Open and Make selections from a Menu)

(i) ڈیسک ٹاپ پر My Computer کے آئیکن کو دو بار کلک کریں۔ My Computer کی ونڈو کھل جائے گی۔




شکل 8.16 (My Computer کا ونڈ Edit مینیو کے ساتھ)

Go to www.topstudyworld.com/books to download all PDF books for all classes

(ii) My Computer کے ونڈو میں ایڈٹ مینیو بار کلک کریں۔ ایڈٹ مینیو بار ظاہر ہو جائے گا۔ کچھ کمانڈز تاریک نظر آتی ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ کمانڈز اس وقت استعمال نہیں ہو سکتیں۔ یہ اس وجہ سے ہے کہ یہ کمانڈز موجودہ انتخاب پر استعمال نہیں ہو سکتیں۔

(iii) ایڈٹ مینیو کے نام پر کلک کریں تا کہ یہ مینیو کلوز ہو جائے۔

(iv) ویو(View) مینیو پر کلک کر کے مینیو کھولیں۔

(v) ویو مینیو پر لسٹ کو کلک کریں۔

My Computer کے ونڈو میں جو آئٹمز (Items) ہیں وہ اب آئیکن کی بجائے ایک لسٹ کی صورت میں نظر آتی ہیں۔

(iv) ویو مینیو پر Arrange Icons کی طرف پوائنٹ کریں۔

ایک Cascading مینیو ظاہر ہوتا ہے جو کہ اضافی مینیو چوائسز کو لسٹ کرتا ہے۔ ایک دائیں طرف پوائنٹ کرنے والا تیر ظاہر ہوتا ہے جو کہ کمانڈ کے نام کے بعد ظاہر ہوتا ہے اور یہ ظاہر کرتا ہے کہ اضافی کمانڈز بھی موجود ہیں۔

(vii) مینیو کے باہر کسی جگہ پر کلک کریں اس سے یہ بند ہو جائے گا۔

(viii) My Computer کے ونڈو کے کلوز بٹن کو کلک کریں جو کہ اس کے اوپر والے دائیں کونے میں واقع ہے۔ ایسا کرنے سے یہ ونڈو بند ہو جائے گا۔

## 8.7 ڈیسک ٹاپ کی بیک گراؤنڈ کو تبدیل کرنا (Changing Desktop Background)


ڈیسک ٹاپ کی بیک گراؤنڈ کو تبدیل کرنے کے لیے

(i) ڈیسک ٹاپ پر رائٹ کلک کریں۔


(ii) Properties پر کلک کریں۔

(iii) جو باکس ظاہر ہوتا ہے اُس میں سے ڈیسک ٹاپ کو کلک کریں اور ایک بیک گراؤنڈ کو منتخب کریں۔

(iv) Apply پر کلک کریں اور پھر Ok کو کلک کریں۔




شکل 8.17 (ڈیسک ٹاپ Properties)





شکل 8.18 (ونڈوز کی بیک گراؤنڈ کو تبدیل کرنا)

اس طرح تمام دوسرے آپشنز جیسا کہ سکرین سیور اور سیٹنگز کو استعمال کیا جا سکتا ہے۔ ان کو استعمال کرنے کے لیے ہم اُن کے متعلقہ Tabs کو استعمال کر سکتے ہیں۔

Go to www.topstudyworld.com/books to download all PDF books for all classes

## 8.8 کنٹرول پینل کا استعمال (Using Control Panel)




شکل 8.19 ونڈوز کنٹرول پینل

کنٹرول پینل آپ کو اجازت دیتا ہے کہ آپ "Appearances and Themes" یا "Printers and Other Hardware" کو اپنی ضرورت کے مطابق ترتیب دے سکیں۔ اس کے علاوہ اس کے اضافی فیچرز کی مدد سے آپ مزید کام کر سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر اگر آپ اپنی کلاس کے پروجیکٹ کے لیے ڈیجیٹل کیمرہ سے تصویریں ڈاؤن لوڈ کر رہے ہیں تو آپ "Printers and Other Hardware" کو منتخب کر کے اس میں سے "Scanners and Cameras" کے آپشن کو لے سکتے ہیں۔ آپ جس Category کو استعمال کرنا چاہتے ہوں، اُسے منتخب کرتے ہوئے اپنا کام بڑی آسانی کے ساتھ کر سکتے ہیں۔

کنٹرول پینل کے کچھ اہم فنکشنز درج ذیل ہیں:

| آپشن | آپشن کو استعمال کرتے ہوئے جو کام ہوتا ہے |
|---|---|
| ایڈ/ریموو ہارڈ ویئر | اس کو ہارڈ ویئر ڈیوائس ڈرائیورز کو شامل کرنے یا ہٹا دینے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے، جیسا کہ CDROM اور DVD ڈرائیوز، I/O ڈیوائسز (کی-بورڈ، ماؤس)، موڈیمز، ملٹی میڈیا اور نیٹ ورک کارڈ۔ |
| ایڈ/ریموو پروگرام | اسے آپ پروگرامز کو انسٹال کرنے یا ختم کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ اس میں ونڈوز کے اختیاری (آپشنل) حصے بھی شامل ہیں۔ |
| ایڈمنسٹریٹو ٹولز | صرف Administrators گروپ کے ممبران ہی ان ٹولز کو استعمال کر سکتے ہیں۔ ان کو پالیسیاں بنانے اور ایڈوانس فنکشنز کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ |
| ڈسپلے | بیک گراؤنڈ تبدیل کرنے، سکرین سیور یا Appearance and Settings کو تبدیل کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ |
| انٹرنیٹ آپشنز | انٹرنیٹ ایکسپلورر کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ انہیں انٹرنیٹ کے ایڈوانس آپشنز کو سیٹ کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ |
| کی-بورڈ | کی-بورڈ کی سپیڈ اور دوسرے attributes کو کنفگر کرنے کے لیے۔ |
| ماؤس | ماؤس پوائنٹر اور ماؤس کی سپیڈ کو سیٹ کرنے کے لیے۔ |
| پرنٹرز | اس کی مدد سے آپ پرنٹرز کو شامل کر سکتے ہیں یا ہٹا سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ اسے آپ نیٹ ورک کے پرنٹر کو تلاش کرنے کے لیے بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ |
| ساؤنڈز اینڈ ملٹی میڈیا | اسے آپ ساؤنڈ سکیم اور ساؤنڈز کو سیٹ کرنے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں تا کہ مختلف مواقع پر ساؤنڈز (Sounds) کو پلے کیا جا سکے۔ |
| شیڈیولڈ ٹاسکس | اسے "Task Scheduler" کے نام سے بھی جانا جاتا ہے، اسے ہم پروگرامز کو شیڈیولڈ کرنے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں تا کہ اُنہیں مقررہ وقت پر چلایا جا سکے۔ اس فولڈر میں "Add Scheduled Task" کا آئیکن موجود ہوتا ہے جس کی مدد سے نیا کام شامل کیا جا سکتا ہے۔ |
| گیم کنٹرولرز | اس کی مدد سے جوائے سٹک اور گیم پیڈز کو کنفگر کیا جا سکتا ہے تا کہ کمپیوٹر گیمز کھیلی جا سکیں۔ |

Go to www.topstudyworld.com/books to download all PDF books for all classes

| | |
|---|---|
| فونٹس (Fonts) | اس کے ذریعہ کمپیوٹر پر موجود فونٹس کو دیکھا جاسکتا ہے اور نئے فونٹس کو انسٹال کیا جاسکتا ہے تاکہ عبارت لکھی جاسکے۔ یہ فونٹس فولڈر کے فونٹس کا شارٹ کٹ ہے۔ |
| سکینرز اور کیمرہ | اس کی مدد سے سکینرز اور ڈیجیٹل کیمرہ کو انسٹال اور کنفگر کیا جاتا ہے۔ |

## 8.9 کمپیوٹر وائرس (Computer Virus)

کمپیوٹر وائرس ایک پروگرام یا بہت سارے ایسے پروگرامز ہیں جن کے ذریعہ کمپیوٹر کو شدید قسم کا نقصان پہنچ سکتا ہے۔

اس کا کوڈ ایک نارمل کمپیوٹر آپریٹنگ سسٹم یا کمپیوٹر پروگرام کے ساتھ لگایا جاسکتا ہے۔ اس کوڈ میں جو ہدایات ہوتی ہیں وہ کمپیوٹر کو کچھ کام کرنے کے لیے کہتی ہیں۔ یہ کام اکثر تباہ کن ہوتا ہے جیسا کہ کسی خاص انفرمیشن کو ڈیلیٹ کرنا یا ہارڈ ڈسک کو کریش کرنا۔ تاہم، کچھ ایسے بھی وائرس ہیں جو سسٹم کو سست رفتار کردیتے ہیں یا کوئی خاص قسم کا نقصان نہیں کرتے۔ کچھ وائرس ایسے بھی ہوتے ہیں جو صرف ایک بڑا خوبصورت چہرہ کمپیوٹر سکرین پر دکھاتے ہیں۔

### 8.9.1 کمپیوٹر میں وائرس کیسے آتا ہے؟ (How does a computer get a virus?)

جیسا کہ ایک بائیولاجیکل وائرس ایک آدمی سے دوسرے آدمی میں منتقل ہوتا ہے، بالکل اُسی طرح ایک کمپیوٹر وائرس ایک کمپیوٹر سے دوسرے کمپیوٹر کو منتقل ہوتا ہے۔ ایک وائرس کسی فائل کے ساتھ جڑا ہوسکتا ہے جو کہ آپ اپنے کمپیوٹر پر کاپی کرتے ہیں۔ اگر آپ انٹرنیٹ سے فائلز کو ڈاؤن لوڈ کرتے ہیں یا پروگرامز کو کاپی کرتے ہیں یا فلاپی ڈسک سے فائلز کاپی کرتے ہیں تو بہت ممکن ہے کہ ان کے ساتھ وائرس بھی ہوں۔ جب بھی آپ کسی فائل کو ڈاؤن لوڈ کریں یا فلاپی ڈسک کو کمپیوٹر میں ڈالیں تو بہت ممکن ہے کہ آپ وائرس کی زد میں ہوں۔

بہت سے وائرس ای۔ میل کے ذریعہ بھی پھیلائے جاتے ہیں۔ عام طور سے آپ صرف ای۔ میل پڑھنے سے وائرس کی زد میں نہیں آتے۔ آج کل کے کچھ وائرس جیسا کہ Klez دوسروں سے مختلف ہیں۔ یہ بہت ہی خطرناک قسم کے وائرس ہیں کیونکہ اس وائرس کو ریلیز کرنے کے لیے آپ کو ای۔ میل کی اٹیچمنٹ (Attachment) کے کھولنے کی ضرورت نہیں۔ صرف ای۔ میل کھولتے ہی یہ خطرناک وائرس آتا ہے۔

عام طور پر وائرس اس وقت اثر انداز ہوتا ہے جب آپ کسی ایسے پروگرام کو چلاتے ہیں جس میں وائرس ہوتا ہے۔ جیسا کہ، اگر آپ ایک پروگرام انٹرنیٹ سے ڈاؤن لوڈ کریں اور اس میں ایک وائرس موجود ہو تو یہ وائرس اس وقت کمپیوٹر پر حملہ کرے گا جب آپ اسی پروگرام کو چلا رہے ہوں گے۔

## 8.10 اینٹی وائرس (Antivirus)

اینٹی وائرس ایک ایسا سافٹ ویئر ہے جس کی مدد سے کمپیوٹر پر ایک وائرس کو ڈھونڈا اور ختم کیا جاتا ہے۔

آپ وائرسوں کو کمپیوٹر میں داخل ہونے سے پہلے روک سکتے ہیں۔ آپ ایک اچھے وائرس کے حفاظتی پروگرام یعنی اینٹی وائرس سافٹ ویئر کی مدد سے ایسا کرسکتے ہیں۔ یہ تمام فائلز کو وائرسوں کے لیے چیک کرتا ہے، اسے جب ایک بار انسٹال کرلیں تو ایک اینٹی وائرس پروگرام کو سیٹ کیا جاسکتا ہے تاکہ یہ بیک گراؤنڈ میں کام کرتا رہے۔ یہ تمام فائلز کو کمپیوٹر میں داخل ہونے سے پہلے چیک کرتا ہے اور اگر اُن میں وائرس پایا جائے تو آپ کو الرٹ کردیتا ہے اس سے پہلے کہ یہ آپ کے سسٹم کو متاثر کرے۔ اگر اسے ایک وائرس مل جائے تو یہ اسے ختم کردیتا ہے تاکہ یہ آپ کے سسٹم کو خراب نہ کرسکے۔

ہمیشہ ایسا وائرس حفاظتی پروگرام استعمال کرنا چاہیے جو کہ آپ کے آپریٹنگ سسٹم سے مطابقت رکھتا ہو۔ اگر آپ کے پاس ایک Mac سسٹم ہے تو ایسا پروگرام استعمال کریں جو کہ خاص طور سے کمپیوٹر کے لیے بنایا گیا ہو۔ اگر آپ ونڈوز 98 یا XP استعمال کررہے ہیں تو ایسا پروگرام منتخب کریں جو خاص طور پر اس سسٹم کے لیے بنایا گیا ہو۔ کبھی بھی ایسی کوششیں نہ کریں کہ جو پروگرام ونڈوز 98 کے لیے بنایا گیا ہو، اُس کو ونڈوز XP پر استعمال کریں۔ ایسا کرنے سے سسٹم بے قاعدہ ہوجاتا ہے اور ایسا بھی ہوسکتا ہے کہ آپ کا کمپیوٹر سسٹم فیل ہوجائے یا خراب طریقے سے چلنے لگے۔

تقریباً روزانہ ہی نئے وائرس لکھے جاتے ہیں۔ McAfee ، Symantec اور Panda Software جیسی کمپنیاں مسلسل نئے وائرسز کا کھوج لگا کر انہیں تلاش کرنے اور ختم کرنے کے لیے اپنے سافٹ ویئرز اپ گریڈ کرتی رہتی ہیں۔

Go to www.topstudyworld.com/books to download all PDF books for all classes

## مشق

1۔ مندرجہ ذیل کومختصر الفاظ میں بیان کریں۔

(a) ڈرائیوز (b) فولڈرز (c) ڈائیریکٹری(Directory)

(d) فائل ایکسٹینشن (e) آئیکن

2۔ ونڈوز کے تین مختلف فیچرز کے نام لکھیں اور تفصیل سے بیان کریں۔

3۔ سٹارٹ بٹن اور ٹاسک بار کیا ہے؟

4۔ ایک پروگرام کوسٹارٹ کرنے کے اقدام لکھیں۔

5۔ ونڈوز کوشٹ ڈاؤن اور ری سٹارٹ کرنے کے کیا اقدام ہیں؟

6۔ ونڈوز ایکسپلورر کیا ہے؟ ہم ونڈوز ایکسپلورر کو کیسے سٹارٹ کر سکتے ہیں؟

7۔ ری سائیکل بن کا کیا استعمال ہے؟

8۔ کنٹرول پینل کیا ہے؟ کنٹرول پینل کے تین مختلف آپشنز کا نام لکھیں اور ان سے کیا کام لیا جاتا ہے؟

9۔ کمپیوٹر وائرس پر ایک نوٹ لکھیں۔

10۔ اینٹی وائرس پروگرام کو استعمال کرنے کے کیا فوائد ہیں؟

11۔ خالی جگہ پُر کیجیے۔

(i) ونڈوز پرسنل کمپیوٹر کی دُنیا میں اہمیت رکھتا ہے اور تقریباً% _______ پرسنل کمپیوٹرز پر استعمال ہو رہی ہے۔

(ii) ایک فائل کے نام "Phone Numbers.txt" میں Phone Numbers والا حصہ _______ اور "txt" والا حصہ _______ کہلاتا ہے۔

(iii) جب آپ ایک اوبجیکٹ کو ڈیلیٹ کرتے ہیں تو ونڈوز اس کو _______ میں بھیج دیتا ہے۔

(iv) _______ ونڈوز کے لیے ڈائریکٹری براوزر اور فائل مینجر کی طرح عمل کرتا ہے۔

(v) ونڈوز ڈیلیٹ شدہ فائلز اور فولڈرز کو _______ میں رکھ دیتا ہے۔

(vi) _______ ایک فائل/فولڈر یا ایک ایپلیکیشن کا لنک ہوتا ہے۔

(vii) _______ کمپیوٹر کو خاصا نقصان پہنچا سکتا ہے۔

(viii) ونڈوز ایک _______ ہے۔

(ix) _______ ایک ایسا سافٹ ویر ہے جس کی مدد سے وائرس ختم کیا جاتا ہے۔

(x) ہارڈ ویر کو شامل کرنے یا ہٹانے کے لیے آپ کو _______ سے لازمی طور پر آپشن منتخب کرنی چاہیے۔

12۔ درست کے سامنے T اور غلط کے سامنے F لکھیں۔

(i) کمپیوٹر نیٹ ورک ایسے کمپیوٹرز کے گروپ کو کہتے ہیں جو ایک دوسرے کو اپنے سٹوریج اور پرنٹرز جیسے ذرائع استعمال کرنے کی سہولت فراہم کرتے ہوں۔

(ii) ونڈوز آن لائن ہیلپ مہیا نہیں کرتا۔

(iii) ملٹی ٹاسکنگ ایک یوزر کو اجازت دیتی ہے کہ وہ ایک سے زیادہ کاموں کو متحرک کر سکے اور انہیں استعمال کر سکے۔

Go to www.topstudyworld.com/books to download all PDF books for all classes

(iv) آپ کے ڈرائیوز کا ڈیٹا ترتیب سے رکھنے کے لیے فولڈرز کا استعمال کیا جاتا ہے۔

(v) ونڈوز میں آئیکن فائل نیمز یاد رکھنے میں مدد دیتے ہیں۔

(vi) انٹرنیٹ کو ایکسیس کرنے کے لیے اور World Wide Web کو استعمال کرنے کے لیے انٹرنیٹ ایکسپلورر براؤزر کا استعمال کیا جاتا ہے۔

(vii) ونڈوز صرف ایک GUI ہے اور آپریٹنگ سسٹم نہیں ہے۔

(viii) صرف ونڈوز ہی Shift+Ctrl+delete کی سیکوئینس کو پہچان سکتا ہے۔

(ix) ری سائیکل بن کے مواد کو واپس لایا جا سکتا ہے۔

(x) Norton اینٹی وائرس سافٹ ویر کمپیوٹر کے اندر تمام وائرسوں کو ڈیلیٹ کر دیتا ہے۔

13۔ درست جواب کا انتخاب کیجیے:

(i) ــــــ ایک راستہ ہے جو کہ ایک ایسے کمپیوٹر جس پر ونڈوز لوڈ ہوا ہو، کے بہت سارے کاموں کو ایکسیس کرتا ہے۔

(a) ٹاسک بار (b) فولڈرز (c) سٹارٹ بٹن (d) ماؤس (e) ایپلیکیشن

(ii) کنٹرول پینل کی مدد سے کون سے مندرجہ ذیل فیچرز کو کسٹمائز کیا جا سکتا ہے۔

(a) Appearances (b) Themes (c) پرنٹرز (d) دوسری ہارڈویر (e) تمام پہلے والی آپشنز

(iii) کمپیوٹر وائرس صرف

(a) ایک بیماری ہے (b) ایک کمپیوٹر انسٹرکشنز کا سیٹ ہے یا ایک کمپیوٹر کوڈ ہے

(c) بیکٹیریا کی ایک قسم ہے (d) ہارڈویر کا ایک کمپونینٹ ہے

(iv) Klez ایک

(a) گیم کا نام ہے (b) ہارڈویر کمپونینٹ

(c) وائرس کا نام (d) آدمی کا نام

(e) پہلے والی کوئی بھی آپشن نہیں

(v) Good Time ایک

(a) وائرس تھا (b) اینٹی وائرس تھا

(c) وائرس کی موجودگی کے بارے میں جھوٹی خبر تھی (d) پہلے والی کوئی بھی نہیں

## جوابات

11. (i) 90 (ii) نام ایکسٹینشن (iii) ری سائیکل بن (iv) ونڈوز ایکسپلورر (v) ری سائیکل بن
(vi) شارٹ کٹ (vii) وائرس (viii) آپریٹنگ سسٹم (ix) اینٹی وائرس (x) کنٹرول پینل

12. (i) T (ii) F (iii) T (iv) T (v) F
(vi) T (vii) F (viii) T (ix) T (x) F

13. (i) c (ii) e (iii) b (iv) c (v) c